یونیورسٹی آف کمالیہ

اشتہار برائے نیلامی

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ یونیورسٹی آف کمالیہ اپنے رقبہ واقع چک نمبر 710 گ ب، تحصیل کمالیہ، ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ، 35 ایکڑ تقریباً زرعی زمین کا ٹھیکہ برائے سال 27-2026 کا نیلام عام کروانا چاہتی ہے۔ جس کے لیے باقاعدہ نیلامی مورخہ 01 دسمبر 2026 بروز منگل کو صبح 10:00 بجے یونیورسٹی آف کمالیہ کے آڈیٹوریم ہال میں منعقد ہو رہی ہے۔ خواہشمند افراد موقع سے فائدہ اٹھائیں۔

شرائط و ضوابط:

1. زرعی زمین کے ٹھیکے کی مدت 05 ماہ ہوگی اور مذکورہ زمین 05 دسمبر 2026 سے 05 مئی 2027 کے دورانیے تک کاشت کے لیے استعمال کی جائے گی۔
2. ٹھیکہ حاصل کرنے والے کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہوگا کہ وہ ٹھیکے کی مکمل رقم مقررہ طور پر 05 کیلنڈر دنوں کے اندر اندر ادارے کو جمع کروائے۔ مقررہ مدت کے اندر مکمل رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں جمع شدہ زرِ ضمانت/سیکیورٹی کی رقم بحقِ یونیورسٹی ضبط کر لی جائے گی۔
3. بولی میں حصہ لینے کے لیے تمام خواہشمند افراد بولی شروع ہونے سے پہلے CDR کی صورت میں 50,000 روپے زرِ ضمانت کے طور پر بنام "Treasurer, University of Kamalia" جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔
4. زرِ ضمانت CDR بنیادی قیمت کا (5%) بنام "Treasurer, University of Kamalia" یا نقد کی صورت میں جمع کروائی جا سکے گی۔
5. فصل ربیع کی کاشت کے لیے درکار آبپاشی کے پانی کے اخراجات/آبیانہ کی بروقت ادائیگی اور آبپاشی کے لیے تمام تر وسائل ٹھیکیدار کے ذمہ ہوں گے اور ٹھیکیدار اس کی ادائیگی کی رسید متعلقہ دفتر میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔
6. ٹھیکیدار پر لازم ہوگا کہ وہ ٹھیکے کی مکمل رقم ادا کرنے کے بعد ادارے سے معاہدہ حاصل کرے، جس کے بعد ہی وہ مذکورہ زمین پر کاشت شروع کر سکے گا۔ معاہدے کے اجراء سے قبل زمین پر کسی قسم کی کاشت یا زرعی سرگرمی کی اجازت نہیں ہوگی۔
7. قدرتی آفات، موسمی حالات یا دیگر ناگزیر قدرتی عوامل کے نتیجے میں فصل کو پہنچنے والے نقصان کا ذمہ دار ادارہ نہیں ہوگا۔ ٹھیکیدار ٹھیکے کی مدت ختم ہونے پر زیرِ قبضہ زمین کو مناسب اور اصل حالت میں ادارے کے حوالے کرنے کا پابند ہوگا۔
8. ٹھیکیدار کو حکومتِ پاکستان کے مروجہ FBR قوانین و قواعد کے مطابق قابل اطلاق Advance Withholding Tax بولی کی رقم کے علاوہ جمع کروانا ہوگا۔ ٹھیکیدار Active Taxpayer List (ATL) کے مطابق Filer/Non-Filer ہونے کا سرٹیفکیٹ اور جمع شدہ ٹیکس کی CDR/ادائیگی کا ثبوت قبضہ حاصل کرنے سے قبل ادارے کو جمع کروانے کا پابند ہوگا۔
9. کسی بھی تنازعہ یا شکایت کی صورت میں ٹھیکیدار آکشن کمیٹی کو تحریری درخواست پیش کر سکتا ہے۔ آکشن کمیٹی درخواست موصول ہونے کے 15 دن کے اندر متعلقہ قوانین، قواعد و ضوابط اور معاہدے کی شرائط کی روشنی میں فیصلہ کرے گی اور ٹھیکیدار کو اس فیصلے سے تحریری طور پر آگاہ کرے گی۔ آکشن کمیٹی کا فیصلہ متعلقہ قوانین و قواعد کے دائرہ کار میں حتمی تصور کیا جائے گا۔ ٹھیکیدار کی جانب سے یونیورسٹی کے خلاف غیر مجاز یا معاہدے کی شرائط کے منافی اقدام کی صورت میں، متعلقہ قوانین و قواعد کے مطابق، اسے آئندہ نیلامی میں حصہ لینے سے نااہل قرار دیا جا سکتا ہے۔
10. ٹھیکیدار مذکورہ زمین کسی دوسرے شخص کو ذیلی پٹہ (Sub-Lease) پر نہیں دے گا نہ ہی اسے کسی دوسرے مقصد کے لیے استعمال کرے گا اور نہ ہی کسی دوسرے شخص کو مذکورہ زمین استعمال کرنے کی اجازت دے گا۔ اگر کوئی ٹھیکیدار مذکورہ شرائط کی خلاف ورزی کا مرتکب پایا گیا تو اس کا ٹھیکہ فوری طور پر منسوخ کر دیا جائے گا۔
11. کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہوگا کہ وہ زمین کا قبضہ حاصل کرنے سے قبل ٹھیکے کی کل مدلیت کا 0.25 فیصد بطور اسٹامپ پیپر/شرائط نامہ کی لاگت ادا کرے اور دستخط شدہ شرائط نامہ 02 دن کے اندر سیکرٹری آکشن کمیٹی کو جمع کروائے۔
12. ٹھیکیدار بولی میں حصہ لینے سے قبل ٹھیکے پر دی جانے والی زمین کی موجودہ حالت، حدود، رقبہ اور دیگر متعلقہ حالات کا خود معائنہ کر لے گا۔ بعد ازاں زمین کی حالت یا کسی دیگر معاملے سے متعلق کسی قسم کا عذر یا اعتراض قابلِ سماعت نہیں ہوگا۔ ٹھیکیدار کی جانب سے بولی میں حصہ لینے کے سلسلے میں ہونے والے تمام اخراجات کا ذمہ دار ادارہ نہیں ہوگا۔
13. معاہدہ حاصل کرنے سے قبل ٹھیکیدار پر لازم ہوگا کہ وہ محکمہ پولیس سے جاری شدہ کریکٹر سرٹیفکیٹ زیادہ سے زیادہ 07 کیلنڈر دنوں کے اندر سیکرٹری آکشن کمیٹی کو جمع کروائے گا۔ نیز ٹھیکیدار Child Labour Act اور دیگر متعلقہ قوانین کے مطابق 14 سال سے کم عمر کسی فرد کو ملازم نہیں رکھے گا۔ ٹھیکیدار کے لیے ٹھیکے کی زمین پر کسی قسم کا مستقل یا عارضی اسٹرکچر/تعمیرات قائم کرنا سختی سے ممنوع ہوگا۔
14. ٹھیکیدار کو زمین کا قبضہ صرف تمام مطلوبہ دستاویزات، مکمل ٹھیکہ رقم، قابلِ اطلاق ٹیکسز اور دیگر واجبات کی ادائیگی اور ورک آرڈر کے اجراء کے بعد دیا جائے گا۔ اس سے قبل ٹھیکیدار کو مذکورہ زمین پر قبضہ حاصل کرنے، کاشت شروع کرنے یا کسی قسم کی زرعی سرگرمی کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

سیکرٹری آکشن کمیٹی، یونیورسٹی آف کمالیہ
سابقہ قائد اکیڈمی (Former QAED Academy)، رجانہ روڈ، کمالیہ، ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ، پنجاب، پاکستان

Registrar
University of Kamalia